## سرکاردوعالمؐ کا ذکر کرنا اوران پر درود وسلام بھیجنا افضل عبادت ہے،الطاف حسین
## عزیزآباد میں محفل ذکر مصطفیؐ کے روح پرور اجتماع سے ٹیلی فونک خطاب

لندن۔۔۔12،فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ سرکاردوعالمؐ کا ذکر کرنا اوران پر درود وسلام بھیجنا افضل عبادت ہے اور جسے سرکاردوعالمؐ کے ذکر مبارک کی محفل سجانے کی سعادت مل جائے وہ بہت خوش نصیب ہوتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کی شب جناح گراؤنڈ عزیزآباد میں ایم کیوایم کے زیراہتمام محفل ذکر مصطفیؐ کے روح پرور اجتماع کے شرکاء سے ٹیلی فون پر خطاب کرتے ہوئے کہی۔اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان میں ذکر مصطفیؐ کی محفل سجانے کی سعادت متحدہ قومی موومنٹ کو عطا کی ہے جو ایم کیوایم پر اللہ تعالیٰ کا خصوصی کرم ہے۔اگر ہم امام الانبیاؐ کا ذکر مبارک کریں تو ہم پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہونگیں لہٰذا آج کی محفل میں سیاسی باتیں نہیں بلکہ صرف ذکر مصطفیؐ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان چاروں جانب سے خطرات میں گھرا ہوا ہے اور وطن عزیز کو مشکل حالات کا سامنا ہے۔آج کی مبارک محفل میں اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی جائے کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو مشکل حالات سے نکالے، بیرونی قرضوں سے نجات دلائے اور پاکستان کو اپنے پیروں پر کھڑا ہونے کی توفیق عطا کرے۔انہوں نے کہا کہ لسانیت اور فرقہ واریت کی عفریت سے نجات حاصل کئے بغیر پاکستان ترقی نہیں کرسکتا۔پاکستان میں بسنے والے شیعہ،سنی اور دیگر مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے سب ایک اللہ کے ماننے والے ہیں اور ہم سب آپس میں اتحاد واتفاق کا مظاہرہ کرکے ہی پاکستان کی خدمت کرسکتے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں تمام امامین،مسالک اور مذاہب کا احترام کرتا ہوں، مجھے اس سے کوئی غرض نہیں کہ کون کس کی عبادت کرتا ہے۔میں وہ نہیں ہوں جو اپنے عقیدے کے مطابق دوسروں کے سر قلم کردے اور دوسروں کو اذیتیں پہنچائے بلکہ میں سنی حسینی ہوں۔امام حسینؓ ساری کائنات کے ہیں،انہوں نے یزیدیت کے خلاف علم بغاوت بلند کیا اور اپنے خاندان سمیت جام شہادت نوش کرلیا میری بھی یہی دلی خواہش ہے کہ میں امام عالی مقام کے نقش قدم پر چلتے ہوئے حق پرستی کی جدوجہد میں جام شہادت نوش کروں۔الطاف حسین کی جان اللہ تعالیٰ،اس کے رسولؐ اور اہل بیت کیلئے حاضر ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ سرکاردوعالمؐ کا ذکر کرنا اوران پر درود وسلام بھیجنا افضل عبادت ہے،لیکن ہمیں نبی کریمؐ کی حیات طیبہ پر بھی غور کرنا چاہئے اور زندگی کے ہر معاملہ میں سیرت طیبہ کو مشعل راہ بنانا چاہئے۔نبی کریمؐ کی تعلیمات کے مطابق اگر آپ کسی کیلئے اچھا نہ کرسکو تو کسی کیلئے برا بھی نہ کرو اور کسی کو تکلیف نہ پہنچاؤ،کوئی تمہارے ساتھ کتنا ہی برا سلوک کیوں نہ کرے آپ اس کیلئے خیر کی دعائیں کیا کریں۔محفل ذکر مصطفیؐ کے اختتام پر معروف قوال فرید ایاز اور امجد صابری نے حضرت امیر خسرو کا کلام ’’رنگ‘‘ پڑھا۔بعدازاں جناب الطاف حسین نے انتہائی رقت انگیز خصوصی دعا کرائی۔

## کشمیری عوام خود کو تنہا نہ سمجھیں،ایم کیوایم،ایک ایک کشمیری کے ساتھ ہے،الطاف حسین
## اگر اقوام متحدہ خطہ میں پائیدار امن چاہتی ہے تو اسے مسئلہ کشمیر،دونوں علاقوں کے کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق حل کرنا ہوگا
## نائن زیرو عزیزآباد میں آزادکشمیر کے وزیراعظم چوہدری عبدالمجید سے ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔12،فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ اگر اقوام متحدہ خطہ میں پائیدار امن چاہتی ہے تو اسے مسئلہ کشمیر، دونوں علاقوں کے کشمیری عوام کی خواہشات اور امنگوں کے مطابق حل کرنا ہوگا اور مظلوم کشمیری عوام کو آزادی اوران کے حقوق دینے ہونگے۔یہ بات انہوں نے اتوار کے روز اپنی رہائش گاہ نائن زیرو عزیزآباد میں آزادکشمیر کے وزیراعظم چوہدری عبدالمجید سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست منتخب نمائندے بھی موجود تھے۔جناب الطاف حسین نے اپنے غریب خانہ میں وزیراعظم آزادکشمیر کی تشریف آوری پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم مقبوضہ کشمیر میں کشمیری عوام پر ڈھائے جانے والے مظالم کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔کشمیری عوام خود کو تنہا نہ سمجھیں، ایم کیوایم،ایک ایک کشمیری ماں، بہن، بیٹی، بزرگ،نوجوان اور بچے کے ساتھ ہے اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت،آزادی اور حقوق کیلئے ایم کیوایم کی غیر مشروط خدمات حاضر ہیں۔جناب الطاف حسین نے عالمی برادری اور اقوام متحدہ سے مطالبہ کیا کہ مظلوم کشمیری عوام پر مظالم کا سلسلہ بند کرایا جائے اور کشمیری عوام کی قسمت کا فیصلہ دونوں علاقوں کشمیری عوام کی خواہشات اور امنگوں کے مطابق کیا جائے۔کشمیری عوام کے اس حق کو اقوام متحدہ اپنی قرارداد میں تسلیم کرچکا ہے اور وقت کا تقاضہ ہے کہ اس قرارداد پر عمل درآمد بھی کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ اگر اقوام متحدہ خطہ میں پائیدار امن چاہتی ہے تو اسے مسئلہ کشمیر، دونوں علاقوں کے کشمیری عوام کی خواہشات اور امنگوں کے مطابق حل کرنا ہوگا اور مظلوم کشمیری عوام کو آزادی اوران کے حقوق دینے ہونگے۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ

کشمیر کے زلزلہ متاثرین آج بھی اپنے جائز حقوق سے محروم ہیں، حکومت زلزلہ متاثرین کی آبادکاری اور امداد کے عمل کو تیز کرے اور متاثرین کے مسائل حل کرے۔
وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری عبدالمجید نے کشمیری عوام کے حقوق کیلئے جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے خیالات کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی آواز عالمی سطح پر مؤثر آواز ہے اور مظلوم کشمیریوں کے حقوق کیلئے آپ اور آپ کی جماعت متحدہ قومی موومنٹ کے جذبات ہمارے لئے حوصلہ افزاء ہیں جس پر میں پوری کشمیری قوم کی جانب سے آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

## ایم کیوایم کے خلاف اے این پی کے سینیٹر الیاس بلور کا بیان سراسر غنڈہ گردی، بدمعاشی، قتل وغارتگری اور تمام جرائم کے اعتراف کے مترادف ہے۔رابطہ کمیٹی

## ہم تصادم کا کوئی بیان ہرگز نہیں دیں گے کیونکہ قائد تحریک الطاف حسین کا فکر وفلسفہ امن پسندی اور سوچ وبچار سے کام لینے کا ہے

کراچی۔۔۔ 12فروری2012ء
متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کا ایک اجلاس ہوا جس میں اے این پی کے رہنما سینیٹر الیاس بلور کے اس بیان پر کہ ''کراچی میں اے این پی نے ایم کیوایم کے نکیل ڈالی، کسی سندھی جاگیردار وڈیرے نے نہیں ڈالی'' شدید اظہار مذمت کیا گیا اور اس بیان کو سراسر غنڈہ گردی، بدمعاشی، قتل وغارتگری اور تمام جرائم کے اعتراف کے مترادف قرار دیا گیا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اگر ایم کیوایم بھی اپنے کارکنوں اور عوام کو اے این پی کے نکیل ڈالنے کے جواب میں نکیلا ڈالنے کا کہے تو دنیا دیکھ لے گی اور دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہوجائے گا مگر ہم تصادم کا کوئی بیان ہرگز نہیں دیں گے کیونکہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ امن پسندی، صبر و برداشت، ضبط وتحمل اور سوچ وبچار سے کام لینے کا ہے، ہم قائد تحریک کے امن پسندی کے اس فکر وفلسفہ پر عمل کرتے ہوئے جوابی تصادم والی کوئی بات نہیں کریں گے لیکن ہم اپنے غریب محنت کش پختون بھائیوں سے یہ درخواست ضرور کریں گے کہ وہ پختونوں کی نام نہاد جماعت اے این پی کے گھناؤنے مقاصد اور سازشوں کو سمجھیں جو وہ عوام میں نفرتیں پھیلانے کیلئے کررہی ہے۔رابطہ کمیٹی نے مزید کہا کہ اے این پی شاہی خاندانوں کی طرز پر سیاست کررہی ہے اور اس کی نظر میں محنت ولگن سے دن رات کام کرنے والے کارکنوں کی کوئی قدر نہیں۔ جہاں پارٹی کے سربراہ سے رشتہ داری قائم کرلے تو اسے تو نہ صرف پارٹی کا صوبائی سربراہ بنادیا جاتا ہے بلکہ سینیٹ کے ٹکٹ سے بھی نوازا جاتا ہے جبکہ محنتی کارکنوں حتیٰ کہ بیگم نسیم ولی جیسی سینئر رہنما تک کو فراموش کردیا جاتا ہے۔لہٰذا ہم تمام ایماندار، دیانتدار اور محنتی پختون بھائیوں سے اپیل کریں گے کہ آپ اس بات کو سمجھ لیں کہ اے این پی ان کی نمائندہ جماعت نہیں، اگر آپ کی کوئی سچی حق پرست اور نمائندہ جماعت ہے تو وہ صرف اور صرف ایم کیوایم ہے جہاں محنت کرنے والے کارکنوں کی قدر کی جاتی ہے اور جہاں فیصلے رشتہ داری کی بنیاد پر نہیں بلکہ صرف اور صرف میرٹ کی بنیاد پر کئے جاتے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے تمام پختون بھائیوں سے اپیل کی کہ وہ شاہانہ طرز کے موروثی نظام کے خاتمہ، غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی اور اپنے حقوق کے حصول کیلئے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کریں اور ایم کیوایم کے ہاتھ مضبوط کریں۔

## اللہ تعالیٰ نے ماہ ربیع الاوّل میں سرکاردوعالمؐ بھیجا،تنویرالحق تھانوی

## ہر زمانہ، مہینہ اور ہر ایام اللہ بنایا ہوا ہے جو افضل ہے لیکن ربیع الاوّل کا مہینہ سب سے افضل مہینہ ہے

## الطاف حسین سچے عاشق رسولؐ ہیں جنہوں نے ذکرِ مصطفیؐ کی محفل سجائی

## الطاف حسین سرکاردوعالم کے وہ بے باک سپاہی ہیں جنہوں نے خواتین کو عزت ومقام دیا،مولانا امیر عبداللہ

## جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں محفل ذکر مصطفیٰؐ میں خطاب

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)
ایم کیوایم کے زیراہتمام جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں محفل ذکرِ مصطفیٰؐ میں معروف مذہبی اسکالر وعالم دین علامہ مولانا تنویرالحق تھانوی نے سیرت طیبہؐ پر تفصیلی روشنی ڈالی اور اس پررونق محفل ذکر مصطفیٰؐ کے انعقاد پر اپنی جانب سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کو بہت بہت مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک محترم جناب الطاف حسین صرف بہترین سیاستدان ہی نہیں بلکہ وہ سچے عاشق رسولؐ بھی ہیں جنہوں نے سیاست ایک طرف لیکن دین کے حوالے سے جتنی محفل سجائی ہیں وہ قابل ستائش ہیں۔انہوں نے

کہا کہ یہ مہینہ سرکار کی ولادت کا مہینہ ہے اور اس مہینے میں سرکار کے سچے عاشق ہی محافل سجاتے ہیں، ایم کیو ایم واحد جماعت ہے جس نے شہر بھر میں گلی کوچوں میں ان محافل کا اہتمام کیا۔ انہوں نے تمام علماء کرام ادیب ودانشور حضرات، ماؤں بہنوں بچیوں، بزرگوں اور نوجوانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ میں نے واقعاً اس انداز کی روح پرور محافل اپنی زندگی میں پہلی نہیں دیکھی اتنی بڑی تعداد میں خواتین، بزرگوں اور نوجوانوں کا جمع ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس پورے علاقے کو اپنی رحمتوں سے سجا رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امام شافیؒ نے بڑی اچھی بات فرمائی کہ اللہ تعالیٰ نے بارہ مہینوں میں اس مہینے جو اعلیٰ مقام اور فوقیت عطا فرمائی ہے وہ کسی اور مہینے کا حاصل نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر زمانہ ہر مہینہ ہر ایام اللہ بنایا ہوا اور افضل ہے لیکن ربیع الاوّل کا مہینہ سب سے افضل مہینہ ہے، ربیع الاوّل کے مہینے میں اللہ نے تین نور جمع فرما دیئے اور ربیع الاوّل کا مہینہ خود نور ہے ۔ پاکستان اور پورے عالم اسلام کی ربیع الاوّل کے مہینے کی شان میں کوششیں ہیں وہ کسی میں نہیں ہیں۔ اللہ نے سرکار دو عالمؐ کو نبی بنا کر بھیجا انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے کسی کو نعت پڑھنے کی صورت میں کسی کو مکارہ پڑھنے اور کسی کو نعرے لگانے کی صورت میں رحمتوں سے نوازہ آج کی محفل رنگ ونور کی محفل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں حقیقت میں مکمل انسان کسی نے بنایا ہے تو صرف اور صرف نبیؐ پاک کریم نے بنایا۔ انہوں نے کہا کہ آج کی محفل ذکر مصطفیٰ کا خوبصورت اور بہترین انتظام دیکھ کر میں الطاف حسین کے حق میں وکالت کرنے کا بہت بڑا دعویٰ کرسکتا ہوں کہ وہ سچے عاشق رسولؐ ہیں۔ انہوں نے اگر ہم شریف نفس ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں تو ہم نبی کریم ﷺ کا دامن مضبوطی سے تھام لیں کیونکہ ہمیں نبیؐ کی سعادت کا حق ادا کرنا چاہئے۔ انہوں نے ہم سب ایک رشتے پر جمع ہے وہ عشق رسالتؐ کا رشتہ ہے اللہ ہم سب کو اس رشتے پر قائم ودائم رکھے اور معروف نعت زہے مقدار حضور حق سے سلام آیا پیام آیا...... جھکاؤ نظریں بچھاؤ پلکیں ادب کا عالیٰ مقام آیا پڑھی اور رسالتؐ بارگاہ میں نذرانہ عقیدت پیش کیا۔ مولانا امیر عبداللہ نے کہا کہ آج کی اس بابرکت اور روح پرور اجتماع کا انعقاد کر کے قائد تحریک الطاف حسین مبارکباد کے مستحق ہیں وہ سرکار دو عالم کے وہ بے باگ سپاہی ہے جنہوں نے خواتین کو عزت ومقام دیا۔ انہوں نے خواتین کے حقوق کیلئے قائد تحریک الطاف حسین کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے گذارش کی کہ قائد تحریک الطاف حسین خواتین کے حقوق کیلئے آگے آئیں ہم شانہ بشانہ ہونگے کیونکہ قبائلی نظام نے عورتوں کے بہت سے حقوق غصب کیے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین سیاسی طور پر قائد ہیں اور دینی طور پر بھی قائد ہیں۔

## خدا ایم کیو ایم کو آباد رکھے......محمد میلاد کا میلا دہوتا رہے، الحاج صدیق اسماعیل

## پاکستان میں کوئی ایسی جماعت نہیں جو روح پرور محافل سجاتی ہو، یہ شرف صرف الطاف حسین اور ایم کیو ایم کو حاصل ہے، الحاج قاری وحید ظفر قاسمی

## آج کی یہ محفل پاکستان کی سب سے بڑی محفل ہے، شوکت اویسی

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

ایم کیو ایم کے تحت ہفتے کی شب عزیز آباد کے تاریخی جناح گراؤنڈ میں منعقدہ محفل ذکر مصطفیؐ میں معروف نعت وثناء خواں نے پر رونق محفل ذکر مصطفیؐ کے انعقاد پر ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی اور کہا کہ ایم کیو ایم کی جانب سے محفل ذکرِ مصطفیٰ کی پر رونق محفلوں کا انعقاد کا سلسلہ گزشتہ ربیع الاوّل کے آغاز سے ہی جاری ہے جس کا آغاز شاہ فیصل اور نیو کراچی سیکٹر سے ہوا جس کے بعد تمام سیکٹرز میں یہ محافل منعقد کی جاتی رہی اور آج اس کی محفل کا مرکزی سطح پر انعقاد کیا جا رہا ہے بے شک یہ پاکستان کی سب سے بڑی محفل ذکر مصطفیٰ کی محفل ہے پاکستان میں کوئی اسی جماعت نہیں جو ایسی روح پرور محافل سجا ہو، یہ شرف صرف جناب الطاف حسین اور ایم کیو ایم کو حاصل ہے، خدا ایم کیو ایم کو آباد و کامیاب کرے۔ محفل ذکر مصطفیٰ میں معروف نعت خواں وگلوکار نعیم عباس روفی نے اپنا مشہور کلام ''وہی تو ہے جو نظامِ ہستی چلا رہا ہے......وہی اللہ ہے،'' جبکہ معروف نعت خواں محترمہ حوریہ فہیم نے ''تم سے کیا مانگوں میں تم خود ہی سمجھ لو......میرے مولا، مولا مولا میرے مولا، نعت خواں محترمہ غزالہ عارف نے ''رب محفلا سجائیاں سرکار واسطے......آنکھیاں بڑھیاں سونے دے دیدار واسطے، ثناء حلیم، میرے دل میں ہے یاد محمد میرے ہوٹوں پر ذکر مدینہ...... ہر خطا پر میری چشم پوشی ہر قلب پر عطاؤں کی بارش'' اسی طرح بین الاقوامی شہرت یافتہ نعت خواں الحاج صدیق اسماعیل، خدا ایم کیو ایم آباد رکھے محمد میلاد......کا میلا دہوتا رہے، ابرے رحمت محفل پر چھایا ہوا ہے، رنگ ونور کی آج کی رات ہے، نوری محفل پر چادر تنی نور کی......نور پھیلا ہوا آج کی رات ہے، علی حیدر،، تیری جالیوں کے نیچے، تیری رحمتوں کے سائے...... جسے دیکھنی ہو جنت، وہ مدینہ دیکھ آئے،، قاری وحید ظفر قاسمی، اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو اللہ......اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو اللہ...... ہے نور سحر چہرے سے تیرے ......اور شب کی رونق زلفوں سے، نعت خواں الحاج سعید ہاشمی نے ''حقیقت میں وہ لطف زندگی پایا نہیں کرتے حقیقت میں وہ لطف زندگی پایا نہیں کرتے ......جو یادِ مصطفیؐ سے دل کو بہلایا نہیں کرتے، قسمت میں میری چین سے جینا لکھ دے ڈوبے نہ کہیں میرا سفینہ لکھ دے...... جنت بھی گوارہ ہے مگر میرے لئے ایک قاب تقدیر مدینہ لکھ دے......تاجدار حرم او نگائیں کرم ہم غریبوں کے دن بھی سنوار جائیں گے، رعنا

عبدالحمید سہروردی نے ''میں تو پنج تن کا غلام ہوں میں فقیر خیر وانعام ہوں ...... مجھے عشق ہے تو خدا سے ہے اور مجھے عشق ہے تو رسول سے میرے منہ سے آئے مہک سدا میں جو نام لو تیرا قلب سے'' نعت خواں فرحین قیصر نے ''میں سو جاؤں یا مصطفیٰ کہتے کہتے ...... کھلے آنکھ صلے اللہ کہتے کہتے، اندھروں میں ہم نے کیا ہے اجالا عقیدت سے نور الہدیٰ کہتے کہتے'' جبکہ نعت خواں مکرم علی خان نے ''صلے اللہ نبیؐ صلے اللہ محمد الدین، فرشتوں میں ہے ہنگامہ رسول پاکؐ آتے ہیں ...... کھلے رحمت کے دروازے میرے لجپال آتے ہیں میرے سرکار آتے ہیں'' اسی طرح عامر فیاضی نے ''اللہ اللہ اللہ ہو ...... لا الہ اللہ ہو بارہ ربیع الاوّل، آنسہ تابندہ لاری نے صرف ایک بار، صرف ایک بار دل سے مصطفیؐ کو تو پکار ...... جہاں جہاں بھی گئے وہ کرم ہی کرتے گئے ایسے ہیں سرکار میرے''، نعت خواں محترمہ امبر اشرف نے ''صلے اللہ کا یا سعیدی یا مصطفیٰ سدرہ دم مرحبا ...... عادت تیری تلوار بھی موسم بنی''، نعت خواں مولانا ناصر یامین نے ''یہ ان کے ذکر کی جو محفل سجائے بیٹھیں ہیں ...... دلوں کو اپنا مدینہ بنائے بیٹھیں ہیں غلاموں سلاموں کے نغمے سناؤ کہ دنیا میں خیر اور آ گئے ہیں ...... مبارک تہیں آسیوں غم کے ماروں محمدؐ آ گئے ہیں'' کے کلام پیش کیے اس موقع پر محفل میں سبحان اللہ، ماشا اللہ کی صدائیں گونجتی رہی۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں روح پرور محفل ذکرِ مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

ربیع الاوّل کے ماہ مبارک مہینے میں جشن عید میلا دالنبیؐ کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں روح پرور محفل ذکرِ مصطفیٰ ﷺ منعقد کی گئی۔ جس میں ملکی و بین الاقوامی شہرت یافتہ نعت وثناء خواں نے بارگاہ رسالتؐ میں نذرانہ عقیدت پیش کیے اور معروف ذاکرین نے سیرتِ طیبہؐ پر تفصیلی روشنی ڈالی اور ماہ مبارک کی فضیلت بیان کی جبکہ معروف بین الاقوامی شہرت یافتہ قوالوں نے حضورؐ کی شان میں کلام پیش کئے۔ محفل ذکرِ مصطفیٰ کے انعقاد کے سلسلے میں ایم کیوایم کی جانب سے غیر معمولی انتظامات کیے گئے تھے اور اس سلسلے میں تاریخی جناح گراؤنڈ میں وسیع اور خوبصورت پنڈال بنایا گیا تھا۔ پنڈال میں سامنے کی جانب انتہائی دیدہ زیب اسٹیج بنایا گیا تھا جسے پھولوں، رنگ برنگی برقی قمقموں، جھالروں اور بلبوں سے سجایا گیا اسٹیج کے عقب میں کمپیوٹرائزڈ اسکرین لگائی گئی تھی جس پر مسجد نبویؐ، خانہ کعبہ اور محفل ذکر مصطفیٰ کی سیلائٹ چلائی جارہی تھی جبکہ اسٹیج کے دائیں اور بائیں جانب بڑی اسکرین لگائی گئی تھیں جن پر پر رونق محفل کی کارروائی براہ راست نشر کی جارہی تھی۔ عاشقان رسول کیلئے فرشی نشستوں کا اہتمام کیا گیا تھا جبکہ حاضرین محفل کو عطر کے پھول پیش کئے گئے اور وقفہ وقفہ سے خوشبو کا اسپرے بھی کیا گیا۔ خواتین کیلئے علیحدہ انتظام کیا گیا تھا جہاں ایم کیوایم شعبہ خواتین کی ذمہ دارن وکارکنان شرکاء خواتین کی رہنمائی کررہی تھیں جبکہ نعت خواں خواتین کیلئے علیحدہ اسٹیج تعمیر کیا گیا تھا محفل ذکر مصطفیٰ کے سلسلے میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو، ایم پی اے ہاسٹل، خورشید بیگم سیکریٹریٹ، لال قلعہ، مکہ چوک، وہاج چورنگی اور مدنی مسجد چورنگی سمیت جناح گراؤنڈ آنے والے تمام گلیوں اور راستوں کو برقی قمقموں اور جھالروں سے انتہائی خوبصورتی سے سجایا گیا تھا اور برقی جھالروں سے بڑی بڑی راداریاں اور دروازے بنائے گئے تھے۔ محفل ذکرِ مصطفیٰ ﷺ میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیز ڈاکٹر فاروق ستار، انیس احمد قائم خانی اراکین رابطہ کمیٹی، حق پرست سینٹرز، وفاقی وصوبائی وزراء، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ایم کیوایم کی علماء کمیٹی، کراچی تنظیمی کمیٹی، ایلڈرز ونگ، شعبہ خواتین، اے پی ایم ایس او، لیبر ڈویژن، شعبہ نشرواشاعت کے ذمہ داران واراکین، لیگل ایڈ کمیٹی، میڈیکل ایڈ کمیٹی سمیت نائن زیرو کے دیگر شعبہ جات کے ذمہ داران وارکان، ایم کیوایم کے مختلف سیکٹرز و یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان، بزرگوں، خواتین، بچوں اور نوجوانوں کے علاوہ مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے علماء کرام نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی محفل ذکر مصطفیٰؐ میں نظامت کے فرائض معروف نعت خواں واینکر شوکت اویسی نے خشوع وخضوع سے انجام دیئے اور پر رونق محفل میں اپنی شعلہ بیانی سے سماں باندھ دیا۔ محفل کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن وکریم اور درود وسلام کی صداؤں سے ہوا۔ علامہ مولانا تنویر الحق تھانوی نے قرآن پاک کی تلاوت کی، معروف نعت خواں وگلوکار نعیم عباس روفی نے بارگاہ الہیٰ میں حمد باری تعالیٰ پڑھی، محترمہ حوریہ فہیم، محترمہ فرحین قیصر، مکرم علی خان، عامر فیاضی، آنسہ تابندہ لاری، امبر اشرف، غزالہ عارف، ثناء حلیم، الحاج قاری وحید ظفر کاظمی، الحاج سعید ہاشمی،، الحاج صدیق اسماعیل، ناصر یامین، علی حیدر امجد فرید صابری وہمنواہ، فرید ایاز ابومحمد، زماں ذکی تاجی اور ہمنواہ اور دیگر نے گلہائے عقیدت اور اپنے تازہ کلام پیش کیے اس موقع پر جناح گراؤنڈ کی فضاء وقفے وقفے سے سبحان اللہ، نعرہ تکبیر ...... اللہ اکبر اور نعرہ رسالتؐ ...... یارسول اللہ، نعرہ حیدری ...... یاعلی، ماشاء اللہ سے گونجتی رہی نعت خواں حضرات نے پر رونق محفل کے انعقاد پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین، رابطہ کمیٹی اور ایم کیوایم کی علماء کمیٹی سمیت ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو مبارکباد پیش کی۔ واضح رہے کہ ایم کیوایم کی جانب سے محفل ذکرِ مصطفیٰ کی پر رونق محفلوں کا انعقاد کا سلسلہ گزشتہ کئی روز سے جاری ہے اور اس کا آغاز شاہ فیصل اور نیو کراچی سیکٹر سے ہوا جس کے بعد اس کا دائرہ تمام سیکٹرز، زونز تک بڑھا دیا گیا جس کا سلسلہ بدستور جاری وساری ہے۔

## اب جوسحر آئے گی وہ سحر ہماری ہے،ہم نے حق پرستی میں زندگی گذاری ہے،امجد فرید صابری

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

محفل سماء میں امجد فرید صابری اور ہمنوا،فرید ایاز اور ہمنوا،،اب جوسحر آئے گی وہ سحر ہماری ہے ہم نے حق پرستی میں زندگی گذاری ہے......جذبہ حق پرستی کا انقلاب لائے گا خون حق پرستوں کا اپنا حق دکھائے گا،ہم نے ایسے روخ پھرے آندھیوں کے طوفانوں کے،دشمنوں کے ذہنوں پر......الطاف بھائی بھاری ہے اس موقع پرسماں بن گیا اوراس موقع پر شرکاء نے اپنی نشستوں سے کھڑے ہوکر جھومنے لگے اوراسٹیج پر جاکر امجد فرید صابری پر بڑی تعداد میں نذرآنہ پیش کیا۔فرید ایاز سبھی خوش ہیں علی کے ساتھ زہرہ کی شادی......یہ شادی ہے یہ شادی ہے،علی کے ساتھ ہے زہرہ کی شادی،یہ شادی ہے یہ شادی ہے میرے مولا کی شادی ہے،زمان زکی تاجی اور ہمنواہ نے معروف کلام یہ مانگا تھا ایک قطرہ سمندر عطا کیا......یہ نظر میرے پیر کی۔غوث محمد ناصر اور ہمنواہ نے اپنے مشہور و معروف کلام پیش کیے۔سلمان جانی اور عمران جانی قوال و ہمنوا نے میرا بادشاہ حسین ہے کلام پیش کیا جس پر جناب الطاف حسین آبدیدہ ہوگئے اوراسی کلام کو دوبارسماعت کیا جبکہ عاشقان رسول ﷺ نے کلام پیش کرنے سبحان اللہ،ماشااللہ کی گونج دل کھول کر داد دی اور نذرآنہ پیش کیا۔محفل ذکرِمصطفیٰ کے آخر میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی فرمائش پر امجد فرید صابری اور تمام قوالوں نے مشترکہ طور پر امیر خسرو کا کلام رنگ پڑھا اس موقع پر جناب الطاف حسین انتہائی آبدیدہ ہوگئے اور زاروقطار رونے لگے جبکہ حاضرین محفل نے بھی کھڑے ہوکر انتہائی ادب واحترام کے ساتھ رنگ سماعت فرمایا۔بعدازاں جناب الطاف حسین نے خشوع وخضوع کے ساتھ اجتماعی دعا کرائی۔

## جناب الطاف حسین ملک کے متوسط طبقے کے حقوق کے حصول کی جدوجہد کررہے ہیں،اراکین رابطہ کمیٹی

## متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام ابراہیم حیدری سیکٹر کے علاقے علی اکبرشاہ گوٹھ میں ممبرسازی کیمپ پر دورے کے دوران عوام سے گفتگو

## حق پرست صوبائی وزیر برائے انسانی حقوق محترمہ نادیہ گبول کا اولڈملیر سیکٹر مرادمیمن گوٹھ یوسی 1 گڈاپ ٹاؤن اور رکن سندھ اسمبلی محترمہ ہیرسوہو کا شاہ فیصل ٹاؤن میں واقع ناتھاخان کھوسہ گھوٹھ میں قائم کیمپوں کا دورہ،عوام میں رکنیت سازی کے فارم تقسیم کئے اورانہیں فارم پر کیلئے مکمل معاونت فراہم کی

کراچی:۔۔۔12فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام جاری رکنیت سازی مہم کے چوتھے روز رکنیت سازی مہم کا سلسلہ زبردست جوش وخروش سے جاری ہے۔اس سلسلے میں کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی اور متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کی جانب سے ابراہیم حیدری سیکٹر کے علاقے علی اکبرشاہ گوٹھ اور گلشن اقبال سیکٹر میں ممبرسازی کیمپ کا انعقاد کیا گیا جہاں پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین جاوید کاظمی،سید شاکر علی،وسیم آفتاب،گلفراز خان خٹک،حق پرست صوبائی وزیر شیخ افضل،رکن سندھ اسمبلی علیم الرحمان،کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین،کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج واراکین نے کیمپ کا دورہ کیا اور کیمپ پر ممبرسازی کیلئے بڑی تعداد میں موجود  عوام میں ممبرسازی فارم تقسیم کئے اورانہیں پر کرنے کیلئے رہنمائی فراہم کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کے علاقائی سیکٹر ویونٹس کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔جبکہ ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے تحت کورنگی ٹاؤن سیکٹر ممبرسازی مہم کے سلسلے میں کیمپ لگایا گیا۔اسی طرح حق پرست صوبائی وزیر برائے انسانی حقوق محترمہ نادیہ گبول نے کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت اولڈملیر سیکٹر مرادمیمن گوٹھ یوسی 1 گڈاپ ٹاؤن میں قائم ممبرسازی کیمپ کا دورہ کیا اور کیمپ پر موجود عوام میں رکنیت سازی کے فارم تقسیم کئے اورانہیں فارم پر کیلئے مکمل معاونت فراہم کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر کمیٹی کے دیگر اراکین بھی انکے ہمراہ تھے۔جبکہ حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ہیرسوہو نے شاہ فیصل ٹاؤن میں واقع ناتھاخان کھوسہ گھوٹھ میں رکنیت سازی کے سلسلے میں قائم کئے گئے کیمپ کا دورہ کیا اور کیمپ پر موجود عوام کو ایم کیوایم کی ممبرسازی حاصل کرنے پر قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر سمیت کمیٹی کے دیگر اراکین بھی موجود تھے۔رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کیمپ پر موجود عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بانی وقائدتحریک جناب الطاف حسین ملک کے متوسط طبقے کے حقوق کے حصول کی جدوجہد کررہے ہیں اور غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے تعلیم یافتہ افراد کو اقتدار کے ایوانوں تک پہنچنے کی جدوجہد کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے حق پرست نمائندوں نے ایوانوں میں جاکر ملک میں بسنے والے 98 فیصد متوسط طبقہ کی جنگ لڑی ہے اور پاکستان کے عوام اس بات کے گواہ ہیں کہ غریبوں کیلئے اقتدار کے ایوانوں میں جناب الطاف حسین کے نمائندوں نے جتنی آواز بلند کی ہے کسی اور جماعت کے نمائندوں نے نہیں کی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کا فکروفلسفہ تیزی سے پورے ملک میں پھیل رہا ہے آج پورے ملک کے عوام فرسودہ جاگیردارانہ،وڈیرانہ نظام کے خاتمے کیلئے قائدتحریک جناب الطاف حسین کو نجات دہندہ سمجھتے ہیں اور وہ دن دور نہیں جب اقتدار کے ایوانوں میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کے منتخب کردہ نمائندوں

کی اکثریت ہوگی تو تب ہی ملک دن دوگنی اور رات چوگنی ترقی کی راہ پر گامزن ہوسکتا ہے۔رکنیت سازی کیمپوں کے دورے کے موقع پر حق پرست صوبائی وزیر برائے انسانی حقوق محترمہ نادیہ گبول اور رکن سندھ اسمبلی محترمہ ہیر سوہو نے بھی اظہار خیال کیا۔

## آزاد کشمیر کے وزیراعظم چوہدری عبدالمجید کا نائن زیرو عزیز آباد کا دورہ اور رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کی
## ایم کیوایم کا قافلہ پاکستان بچانے کیلئے نکلا جواب ایک شہر یا صوبے تک محدود نہیں بلکہ اس کا پیغام کشمیر کی وادیوں تک پھیل چکا ہے، چوہدری عبدالمجید
## قائد تحریک الطاف حسین نے کشمیریوں کے حقوق کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھائی
## جناب الطاف حسین نے سیاست میں خدمت کو متعارف کرواکر لوگوں کی تقدیر بدل دی ہے، ڈاکٹر صغیر احمد

کراچی۔۔۔12 فروری 2012ء

آزاد کشمیر کے وزیراعظم چودھری عبدالمجید نے کہاہے کہ کشمیر کے عوام 64 برسوں سے اپنی آزادی مانگ رہے ہیں قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیوایم نے جس طرح سے کشمیر کا مسئلہ اٹھایا اور ان کے حقوق کیلئے کھل کر ساتھ دیا وہ قابل ستائش ہے۔میں کشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام کی جانب سے ایم کیوایم کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کے دورے کے موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرست اراکین طاہر کھوکھر اور سلیم بٹ بھی موجود تھے۔چوہدری عبدالمجید نے کہا کہ ایم کیوایم کا قافلہ پاکستان بچانے کیلئے نکلا جواب ایک شہر یا صوبے تک محدود نہیں بلکہ اس کا پیغام کشمیر کی وادیوں تک پھیل چکا ہے۔میں آج قائد تحریک جناب الطاف حسین کے گھر آیا ہو مجھے یہ سعادت اس لئے حاصل ہوئی ہے کہ ایم کیوایم میں کوئی جاگیردار اور وڈیرہ نہیں مجھے یہاں سب کشمیریوں جیسے چہرے نظر آرہے ہیں جو حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ طاقت کا سرچشمہ عوام ہیں اور قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو نے ایک انقلاب کی طرف بڑھنے کا نعرہ اور پاکستان کا آئین دیا ایم کیوایم کا قافلہ مفاہمت کی پالیسی پر جو ہمارے ساتھ چل رہا ہے اس کو ہم دل سے خوش آمدید کہتے ہیں اور یہ قافلہ پاکستان کو خوش حال کرنے کیلئے نکلا ہے، پیپلز پارٹی کی طرح ایم کیوایم نے بھی حق پرستانہ جدوجہد میں جانوں کے بڑے نذرانے دیئے ہیں کارکنوں کے ساتھ ساتھ اس جدوجہد میں جناب الطاف حسین کے بھائی اور بھتیجے کا خون بھی شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ میری ایم کیوایم اور اس کی قیادت سے التجا اور وعدہ ہے کہ ان کے خلاف اگر کوئی سازش کی گئی تو ہم پوری قوت کے ساتھ اس کا مقابلہ کرینگے کیونکہ ہم بھی محبتیں اور پیار تقسیم کرنا چاہتے ہیں۔میں صدر پاکستان محترم آصف علی زرداری کی طرف سے یہ کہتا ہوں کہ ہم ایک بار پھر ماضی کی تلخیوں کا خاتمہ کرکے مفاہمت کے اس رشتے کو مزید مضبوط بنائیں کیونکہ اقتدار تو آنی جانی چیز ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں جمہوریت کو مستحکم کرنے اور کشمیر میں زلزلے کے وقت متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کے کارکنان نے جس طرح موسم کی پرواکیے بغیر کشمیر کے عوام کا ساتھ دیا ہے اور ان کی بے لوث خدمت کی ہے میں اہل کشمیر کی طرف سے ایم کیوایم کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔انہوں نے سابق سٹی ناظم سید مصطفی کمال شاندار کارکردگی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ کراچی کا نقشہ بدل دیا۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد نے وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری عبدالمجید کا نائن زیرو آمد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کی مفاہمتی پالیسی اور محبتوں کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔قائد تحریک الطاف حسین نے کشمیریوں کے حقوق کیلئے جس طرح ہر فورم پر آواز اٹھائی ہے وہ اپنی مثال آپ ہے۔زلزلے جیسے کڑے وقت میں جناب الطاف حسین نے اپنے ایک ایک کارکن کو کشمیر میں متحرک اور سرگرم کردیا تھا جس کو دیکھ کر دیگر جماعتوں نے بھی امدادی کاموں میں حصہ لیا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین سیاست میں خدمت کو متعارف کرواکر لوگوں کی تقدیر بدل دی ہے، پیپلز پارٹی سے مفاہمت اور دوستی کا یہ سفر جمہوریت کی مضبوطی، پاکستان کی بقاوسلامتی اور پاکستان وکشمیر کی ترقی تک جاری رہیگا، انشاءاللہ اب انقلاب ضرور آئیگا۔قبل ازیں وزیر آزاد کشمیر وزیراعظم نے رابطہ کمیٹی کے ہمراہ یادگار شہداء حق پر حاضری دی اور شہداء حق کے بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی کی اور پھول چڑھائے۔

## سپریم کورٹ کے چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری اے این پی کے سینیٹر الیاس بلور کے بیان کا سختی سے نوٹس لیں، مظہر حسین
## سینیٹر الیاس بلور اور اے این پی کو دہشت گرد جماعت قرار دیکر اس پر پابندی عائد کی جائے
## الیاس بلور نے اعتراف کیا ہے کہ کراچی میں قتل وغارتگری، لوٹ مار اور خواتین کی بے حرمتی کے جتنے واقعات ہوئے وہ اے این پی نے ایم کیو ایم کو سبق سکھانے کیلئے کئے
## سینیٹر الیاس بلور کے اعترافی بیان پر ایم کیو ایم کی صوبائی کمیٹی پنجاب کے رکن مظہر حسین کا تبصرہ

کراچی:۔۔۔12، فروری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ پاکستان لیبر ڈویژن کے سابق جوائنٹ انچارج اور ایم کیو ایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی پنجاب کے رکن مظہر حسین نے عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما، وفاقی وزیر ریلوے غلام احمد بلور کے سگے بھائی سینیٹر الیاس بلور کے اس بیان پر کہ ''عوامی نیشنل پارٹی نے کراچی میں ایم کیو ایم کو نکیل ڈالی ہے، کسی سندھ کے جاگیردار وڈیرے نے نہیں ڈالی'' پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بیان اے این پی کے گھناؤنے عزائم کا کھلا ثبوت ہے جس میں انہوں نے اعتراف کیا ہے کہ کراچی میں قتل وغارتگری، لوٹ مار اور خواتین کی بے حرمتی کے جتنے واقعات ہوئے ہیں وہ اے این پی نے ایم کیو ایم کو سبق سکھانے کیلئے کئے ہیں۔ الیاس بلور کے اس کھلے اعترافی بیان کے بعد اے این پی کے رہنما جتنی بھی وضاحتیں پیش کریں وہ اعتراف جرم کی تلافی نہیں کر سکتے۔ مظہر حسین نے کہا کہ اے این پی کا اصل چہرہ، اس کا کردار اور کراچی کے معصوم عوام کیلئے بنایا گیا اس کا گھناؤنا اور وحشیانہ منصوبہ اب کھل کر سامنے آچکا ہے لہٰذا سپریم کورٹ کے چیف جسٹس محترم افتخار محمد چوہدری کے فرض منصبی اور انکے ضمیر کا تقاضہ ہے کہ وہ الیاس بلور کے شرانگیز بیان کا سختی سے نوٹس لیں اور آئین وقانون کے مطابق اس کا فیصلہ کیا جائے تاکہ کراچی سمیت ملک بھر کے عوام کو بھی پتہ چل سکے کہ کراچی میں ٹارگٹ کلنگ اور نہتے معصوم مہاجروں کی بستیوں پر آگ اور خون کی ہولی کھیلنے میں اس متعصّبانہ جماعت نے کیسا گھناؤنا کردار ادا کیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ سینیٹر الیاس بلور اور ان کی جماعت اے این پی کو دہشت گرد جماعت قرار دیکر اس پر پابندی عائد کی جائے۔ مظہر حسین نے چیف جسٹس جناب افتخار محمد چوہدری کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ تین کروڑ مہاجر عوام کے علاوہ ملک کے کروڑوں حق پرست عوام آپ کے فیصلے کے منتظر ہیں۔ انہوں نے چیف جسٹس جناب افتخار محمد چوہدری کی توجہ مبذول کراتے ہوئے کہا کہ تاریخ کے اوراق دیکھ کر وہ اس بات کی بھی تصدیق کر سکتے ہیں کہ عوامی نیشنل پارٹی اور اس کے رہنماء پاکستان بنانے کے بھی سخت مخالف تھے۔

## حضورؐ کی ذات اقدس سراپا محسن انسانیت ہے، ایم کیو ایم شعبہ خواتین حیدرآباد
## متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین حیدرآباد کی جانب سے زونل آفس پر خواتین کی محفل میلاد کا اہتمام

حیدرآباد۔۔۔12 فروری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین حیدرآباد کی جانب سے زونل آفس پر خواتین کی محفل میلاد کا اہتمام کیا گیا۔ محفل میلاد میں متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ خواتین کی کثیر تعداد موجود تھی محفل میلاد سے ایم کیو ایم شعبہ خواتین حیدرآباد کی انچارج ڈاکٹر فوزیہ باجی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ رسولﷺ دنیا میں رحمت بن کر آئے اور آپﷺ نے عدل وانصاف پر مبنی معاشرہ قائم کیا انہوں نے کہا کہ مسلمانوں کی بقاء سیرت نبویﷺ پر عمل پیرا ہونے میں ہے اور آپؐ کی تعلیمات تمام انسانوں کو ایکدوسرے سے اخوت بھائی چارے اور محبت کا درس دیتی ہیں انہوں نے کہا کہ آپﷺ نے ہی آکر دنیا میں عورت کو عزت اور اسکا جائز مقام عطاء کیا اور حضورؐ کی ذات اقدس سراپا محسن انسانیت ہے۔ اس موقع پر معروف خواتین ثناء خواں نے بارگاہ رسالت میں ہدیہ نعت کے نذرانہ بھی پیش کیئے محفل میلاد النبیﷺ کے اختتام کے پر لنگر کا بھی اہتمام کیا گیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کا اظہارِ تعزیت

حیدرآباد:۔۔۔12 فروری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی نے سیکٹر آئی یونٹ 11/B کے کارکن محمد طارق کے والد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا

ہے۔ایک بیان میں انہوں نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور تمام سوگوار لواحقین کو صبر و جمیل عطا فرمائے۔

## قائد تحریک الطاف حسین نے ملک میں سب سے پہلے انقلاب کی آواز بلند کی،اشفاق منگی

## الطاف حسین موروثی سیاست اور جاگیردارنہ نظام کے خاتمے کیلئے جدوجہد کررہے ہیں،عبدالروف صدیقی

## متحدہ قومی موومنٹ کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد سیکٹر سائٹ کے زیر اہتمام رکنیت سازی کیمپ کا انعقاد

## رکن رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ اشفاق منگی،حق پرست صوبائی وزیر عبدالروف صدیقی،ایم کیوایم حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی وحق پرست ایم پی اے سہیل یوسف اور متحدہ شوشل فورم کے رکن غلام رسول سموں نے کیمپ دورہ کیا

حیدرآباد۔۔۔12 فروری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد سیکٹر سائٹ کے زیر اہتمام رکنیت سازی کیمپ کا انعقاد کیا گیا ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں رکن رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ اشفاق منگی،حق پرست صوبائی وزیر عبدالروف صدیقی،ایم کیوایم حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی وحق پرست ایم پی اے سہیل یوسف اور متحدہ شوشل فورم کے رکن غلام رسول سموں نے کیمپ دورہ کیا۔اس موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے رکن رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ اشفاق منگی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین پاکستان کے واحد لیڈر ہیں جہنوں نے ملک میں سب سے پہلے انقلاب اور تبدیلی کی آواز بلند کی اور آج ملک بھر کے دیگر لیڈر ور ہنماء تبدیلی کے نعرے لگا رہے ہیں یہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے سچائی کی واضح دلیل ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک کو بچانے کی جدوجہد میں کوشاں اور سندھ کا امن وامان وخوشحالی پاکستان کی خوشحالی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے تمام قومیتوں اور فقہوں کے درمیان نفرتوں کی خلیج کی دیوار کو ڈھا کر محبت امن وخوشحالی کو فروغ دیا انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے ملک کے 98 فیصد عوام کی رہنمائی کیلئے وہ سچا رہبر ور ہنما عطا کر دیا ہے جس کی سچی قیادت کی بدولت پاکستان کے عوام اپنی منزل حاصل کریں گے۔اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر عبدالروف صدیقی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج پاکستان کو بے شمار مسائل کا سامنا ہے معاشی بدحالی،بے روزگاری،مہنگائی جسکی وجہ پاکستان میں موروثی سیاست اور جاگیردارنہ نظام کے حامی افراد قابض ہونا ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اس ملک کی عوام نہ صرف موروثی سیاست اور جاگیردارنہ نظام کے خاتمے کیلئے جدوجہد کررہے ہیں بلکہ معاشی شعور بھی اجاگر کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم سندھ بھر کے غریب و پسے ہوئے عوام کے مسائل کو حل کرنے اور انکے حقوق انکی دہلیز پر فراہم کرنے کا عزم کئے ہوئے ہے اور یہ ہی وجہ ہے عوام اور صنعت کار متحدہ قومی موومنٹ شمولیت اختیار کررہے ہیں اس موقع پر سندھ کے معروف صنعت کار فیروز لالی،سید عثمان علی اور ریاض ذیشان نے متحدہ میں شمولیت اختیار کی بعد ازیں انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کرنے والوں کو مبارکباد پیش کی۔

## ایم کیوایم کی جدوجہد غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی کیلئے ہے،ایم کیوایم سکھر زون

## ایم کیوایم کے تحت جاری رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں سکھر کے مرکزی کیمپ پر موجود عوام سے گفتگو

## کیمپ پر عوام میں ممبر سازی کے فارم تقسیم کرکے انہیں پر کرنے کے حوالے مکمل معلومات فراہم کیں

سکھر:۔۔۔12 فروری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ سکھر زون کے زونل انچارج محمد قطب الدین واراکین زونل کمیٹی نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کی جدوجہد غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی کیلئے ہے قائد تحریک جناب الطاف حسین کو ملک کی غریب اور مظلوم عوام سے بے انتہا محبت ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم کیوایم کے تحت جاری رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں سکھر کے مرکزی کیمپ پر موجود سکھر ضلع کے مختلف شہر اور گاؤں سے تعلق رکھنے والے افراد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع انہوں نے کیمپ پر عوام میں ممبر سازی کے فارم تقسیم کرکے انہیں پر کرنے کے حوالے مکمل معلومات فراہم کیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین ے فکر وفلسفے سے آگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے جو سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اور اپنے محدود وسائل میں بھی اس ملک کی غریب اور مظلوم عوام کی بے لوث خدمت کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی مقبولیت کو دیکھ کر اس ملک

کے دو فیصد مراعات یافتہ اور اسٹیبلشمنٹ کے لوگوں نے یہ سوچا کہ ان حرکتوں سے وہ ایم کیوایم کے کارکنان کو ڈرادیں گے مگر وہ احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں وہ نہیں جانتے کہ ایم کیوایم کا ہر کارکن خاک وخون کے دریا عبور کر کے یہاں تک پہنچا ہے اس قسم کی آزمائشیں ان کو حق پرستی کے راستے پر چلنے سے نہیں روک سکتیں ہیں۔

## حق پرست نمائندوں نے قائد تحریک کے فکر وفلسفہ کو اپناتے ہوئے اپنے فرائض دیانتداری ولگن سے انجام دیے، عظیم دانش

## میرپورخاص میں ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم کا سلسلہ جاری، عوام کا ممبر سازی مہم میں بھرپور حصہ

میرپورخاص۔۔۔۔12 فروری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ نے پاکستان میں سیاست برائے خدمت متعارف کی، قائد تحریک جناب الطاف حسین نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو بلاتفریق رنگ ونسل اور مذہب صرف ایمانداری سے خدمت انسانیت کا درس دیا، یہی وجہ ہے کہ حق پرست نمائندوں نے ہمیشہ محترم قائد کے فکر وفلسفہ پر مبنی وژن کو اپناتے ہوئے اپنے فرائض منصبی مکمل دیانتداری اور لگن سے انجام دیے اور ملک کے محروم ومظلوم طبقے کے حقوق کی جدوجہد کو اولین مقصد بنایا جس کا ثبوت ہے کہ ملک بھر کے عوام کی ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم میں شرکت و دلچسپی ہے، ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم میرپورخاص ذون کے انچارج عظیم دانش نے رکنیت سازی کیمپ پر گفتگو کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر رکنیت سازی کیمپس پر ذمہ داران وکارکنان نے ایم کیوایم کی رکنیت حاصل کرنے والوں میں فارم تقسیم کیے اور انہیں پر کرنے میں مدد فراہم کی۔ اس موقع پر رکنیت حاصل کرنے والے افراد نے قائد تحریک اور ایم کیوایم پر اپنے مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حق پرستانہ جدوجہد میں عوام ایم کیوایم کے شانہ بشانہ ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کے لیے اپنا فعال کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہے۔

## میرپورخاص زون یونٹ 3/E کے جوائنٹ انچارج شکیل احمد کی بہن کے انتقال پر ذونل انچارج واراکین کمیٹی کی تعزیت

میرپورخاص:۔۔۔۔12 فروری، 2012ء

ایم کیوایم میرپورخاص ذون کے انچارج عظیم دانش، حق پرست ممبر رکن صوبائی اسمبلی فہیم احمد الطافی اور اراکین زونل کمیٹی نے یونٹ 3/E کے جوائنٹ انچارج شکیل احمد کی بہن کے انتقال پر گہرے دکھ اور دلی رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے (آمین)۔ دریں اثنا مرحومہ کی نماز جنازہ وتدفین میں ذونل انچارج، جوائنٹ انچارجز واراکین ذونل کمیٹی، متعلقہ یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان سمیت مرحومہ کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## ایم کیوایم ہری پور ذونل آفس کی آج کی افتتاحی تقریب میں حق پرست رہنما خصوصی خطاب کرینگے

ہری پور:۔۔۔۔12 فروری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست وزیر مملکت ندیم احسن اور رکن صوبائی اسمبلی عبدالوسیم آج غربی سرکلر روڈ ہری پور میں مرکزی ذونل آفس کا افتتاح کرینگے اس سلسلے میں ہری پور میں ذمہ داران وکارکنان نے تیاری شروع کردیں ہیں۔ مرکزی آفس میں ایم کیوایم کے رہنما ذمہ داران، کارکنان اور حق پرست عوام سے خصوصی خطاب کرینگے۔ ان خیالات کا اظہار ذونل انچارج اظہار فرحت نواز، جوائنٹ انچارج لیاقت حیات، ارشد عزیز، غلام محی الدین، اشرف خان عقیل نے تحریری پریس ریلیز میں کیا۔

## ملک سے فرسودہ، جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام جلد ختم ہونے والا ہے، ایم کیوایم

## خیرپور میں منعقدہ رکنیت سازی مہم کے کیمپس پر ایم کیوایم کے ذمہ داران کا خطاب

خیرپور:۔۔۔۔12 فروری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ خیرپور ذون کے زیر اہتمام رکنیت سازی مہم آج چوتھے روز بھی جوش وخروش سے جاری رہی، اس سلسلے میں ٹھہری میرواہ، درازہ شریف اور پریالو میں منعقدہ رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں کیمپس پر ہزاروں کی تعداد میں عوام نے رکنیت سازی فارمز پر کیے، اس موقع پر عوام نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا

اظہار کیا، کیمپس پر موجود جوائنٹ زونل انچارج مبیب الرحمٰن اور ارکان ذونل کمیٹی نے ممبر شپ فارم بھرنے میں عوام کی مدد کی، اس موقع پر رکن سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی سید فرزند علیشان، زونل انچارج فتح علی رند، ممبر زونل کمیٹی عارف مسیح نے کیمپس کا دورہ کرتے ہوئے عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام مظلوم ومحکوم عوام کے دل کی دھڑکن بن گیا ہے، ایم کیو ایم میں رکنیت سازی مہم میں عوام کی بڑھتی دلچسپی اس بات کا مظہر ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کی بنیاد پر ایم کیو ایم کی جدوجہد میں عوام کی شمولیت کے بعد اب ملک سے فرسودہ، جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام جلد ختم ہونے والا ہے اور ملک پر 2 فیصد استحصالی طبقے کے بجائے 98 فیصد متوسط طبقے کی حکمرانی قائم ہوگی جس سے ملک ترقی وخوشحالی کی نئی منازل طے کرے گا

## ایم کیو ایم عوام کی نمائندگی کر رہی ہے، دادو زون میں منعقدہ رکنیت سازی کیمپس میں ذمہ داران کی گفتگو

دادو:۔۔۔۔۔12 فروری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ دادو ذون کے زیراہتمام رکنیت سازی کیمپ پر آج چوتھے روز بھی عوام کی بڑی تعداد نے ایم کیو ایم میں رکنیت سازی کی غرض سے فارمز پر کیے۔ اس سلسلے میں آج خواتین کی رکنیت سازی کا عمل بھی جاری کیا گیا جس میں دادو شہر کی سینکڑوں خواتین نے حصہ لیا۔ آج ذونل انچارج بابر عباسی اور ذونل ممبر محمد علی مغل اپنی اپنی شریک حیات کو لیکر مرکزی کیمپ دادو پہنچے اور انکی رکنیت سازی کے فارمز پر کروائے، اس موقع پر ذمہ داران نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کرنے والی خواتین کو الطاف حسین بھائی کی جانب سے خوش آمدید کہا اور مبارکباد پیش کی۔ اسکے ساتھ ساتھ مرکپور محلّہ، تعلقہ میھڑ، تعلقہ خیر پور ناتھن سمیت ضلع بھر کے کیمپس پر ہزاروں کی تعداد میں عوام کی جانب سے رکنیت سازی فارم پر کیے گئے، اس موقع پر کیمپس میں موجود ارکان ذونل کمیٹی و دیگر ذمہ داران نے رکنیت اختیار کرنے والے افراد کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ کثیر تعداد میں عوام کی جانب سے ایم کیو ایم میں رکنیت اختیار کرنے کے عمل نے ثابت کر دیا ہے کہ ایم کیو ایم ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے جو عوام کی نمائندگی کر رہی ہے۔

☆☆☆☆☆